# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

## SUBJECT: URDU

## GRADE-4

**FINAL TERM**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________

**Student Name :** ______________ **Roll Number :** ______________ **Section :** ______________

## حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: بچے کہانی یاد کر رہے ہیں۔" کا فعل مستقبل کے لحاظ سے جملہ ہو گا:

(a) بچے نے کہانی یاد کی۔ (b) بچے کہانی یاد کریں گے۔
(c) بچے کہانی یاد کر رہے تھے۔ (d) بچے نے کہانی یاد کر لی ہے۔

سوال نمبر 2: زمانہ کی جمع ہے:

(a) زمانیں (b) زمن (c) زمانے (d) زمان

سوال نمبر 3: متضاد کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ہر حال میں شکر ادا کرنا چاہیے۔ (b) اللہ تعالیٰ بہت مہربان ہے۔
(c) زمین و آسمان کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔ (d) ہمیں بے شمار نعمتیں عطا کی گئیں۔

سوال نمبر 4: تذکیر بے جان کا جملہ ہے:

(a) احمد دوڑتا ہے۔ (b) لڑکی کھیلتی ہے۔ (c) حنا پڑھتی ہے۔ (d) یہ بستہ ہے۔

سوال نمبر 5: سابقہ "صاحب" سے بننے والا درست لفظ ہے:

(a) صاحب جان (b) صاحب جمیل (c) صاحب اختیار (d) صاحب جماعت

سوال نمبر 6: ہمارا پیارا وطن پاکستان ہے۔" اس جملے میں اسم خاص ہے:

(a) ہمارا (b) پیارا (c) وطن (d) پاکستان

سوال نمبر 7: "ضمیر فاعلی" کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) قمر بہت اچھا بچہ ہے۔ (b) ضمیر سب سے تیز بھاگا۔
(c) تم نے اچھا گانا گایا ہے۔ (d) لڑکوں نے فٹ بال کھیلا۔

سوال نمبر 8: حرف عطف کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ہم سب کو اللہ نے بنایا ہے۔ (b) فرشتوں کو اللہ نے بنایا ہے۔
(c) زمین اور آسمان اللہ نے بنائے ہیں۔ (d) پرندوں کو اللہ نے بنایا ہے۔

سوال نمبر 9: الف بائی ترتیب کے لحاظ سے الفاظ کی درست ترتیب ہے:

(a) امرود، ناشپاتی، سیب، کیلا (b) ناشپاتی، کیلا، سیب، امرود (c) امرود، سیب، کیلا، ناشپاتی (d) سیب، امرود، کیلا، ناشپاتی

سوال نمبر 10: علامت فاعل کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) امی نے بچوں کو کھانا دیا۔ (b) بچوں کو کتابیں دو۔ (c) حسن اکیلا کھیلتا ہے۔ (d) علی کو دودھ دو۔

سوال نمبر 11: "فعل نہی" کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) ہمیشہ سچ بولو۔ (b) شور مت کرو۔ (c) بزرگوں کا ادب کرو۔ (d) تم سبق یاد کرو۔

سوال نمبر 12: کشتی کا معانی سفینہ ہے جب کہ کُشتی کا معانی ہے:

(a) پیار کرنا (b) گتھم گتھا ہونا (c) صلح کروانا (d) نظر انداز کرنا

سوال نمبر 13: "تری بساط ہے کیا میری شان کے آگے // زمیں ہے پست مری آن بان کے آگے۔" شعر میں بیان کردہ کیفیت ہے:

(a) عاجزی (b) تکبر (c) فرماں برداری (d) سمجھ داری

سوال نمبر 14: آپ نے "شجر کاری اور ہوائی آلودگی کا خاتمہ" کے موضوع پر تقریب میں شرکت کی۔ آپ کو تقریب کی کس سرگرمی نے سب سے زیادہ متاثر کیا اور آپ اسے عملی زندگی میں لاگو کریں گے:

(a) تخلیقی فنون کی نمائش (b) سائنسی تحقیق پر مبنی سرگرمی
(c) تعلیمی موضوعات پر مبنی سرگرمی (d) ماحولیاتی آگاہی پر مبنی سرگرمی

سوال نمبر 15: ٹریفک سگنل پر سبز بتی جلنے کا مطلب ہے:

(a) چپ رہو (b) تیار رہو (c) چل پڑو (d) رک جاؤ

سوال نمبر 16: سکول میں آپ کے دوست نے کھیل کے دوران بے ضابطگی کی ہے اور کھیل کے اصولوں کے خلاف جیت حاصل کی ہے۔ ایسے میں آپ کا ردعمل ہو گا:

(a) مبارک باد دیں گے۔ (b) لڑائی جھگڑا کریں گے۔
(c) ڈر کر خاموشی اختیار کریں گے۔ (d) کھیل انتظامیہ کو اطلاع کریں گے۔

سوال نمبر 17: اگر کہیں جاتے ہوئے آپ کو اجنبی شخص کوئی چیز دے تو آپ کا ردعمل ہو گا:

(a) چیز لے لیں گے۔ (b) چیز نہیں لیں گے۔ (c) رونے لگ جائیں گے۔ (d) خوش ہو جائیں گے۔

سوال نمبر 18: آپ نے دیکھا کہ ایک گاڑی کو آگ لگی ہوئی ہے اس ہنگامی صورت حال میں آپ کریں گے:

(a) گاڑی کو جلتا چھوڑ دیں گے۔ (b) جلتی گاڑی سے سامان نکالیں گے۔
(c) تماشائی بن کے دیکھتے رہیں گے۔ (d) آگ بجھاؤ آلات کا استعمال کریں گے۔

سوال نمبر 19: لاہور تا کراچی ٹرین کی روانگی 04:00 بجے ہو گی۔ ہدایت کے مطابق ٹرین سفر کا آغاز کرتی ہے:

(a) 11:00 بجے (b) 04:00 بجے (c) 12:00 بجے (d) 09:00 بجے

سوال نمبر 20: معاشرے میں غریب لوگوں کے ساتھ ہمارا رویہ ہونا چاہیے:

(a) اُن کے پاس نہ بیٹھیں۔ (b) اُن کو بستی سے نکال دیں۔
(c) اُن کی مالی مدد کریں۔ (d) اُن کو پولیس کے حوالے کر دیں۔

پیراگراف ہدایات*

پیراگراف پڑھ کر درست جواب کا انتخاب کریں۔

یہ قلعہ صوبہ سندھ میں ضلع خیر پور کے قصبے کوٹ ڈیجی میں واقع ہے۔ سو فٹ اونچی پہاڑی پر واقع یہ قلعہ سوا دو سو برس قبل سندھ کے حکمران سہراب خان تال پور نے تعمیر کیا تھا۔ اس قلعہ میں نگرانی کے لیے پچاس فٹ اونچے تین مینار تعمیر کیے گئے۔ قلعے میں جگہ جگہ توپیں رکھنے کی جگہیں بنائی گئیں تھیں۔ شاہی دروازے کے علاوہ قلعہ میں داخل ہونے کے تین خفیہ راستے رکھے گئے تھے۔ یہ قلعہ مخصوص طرزِ تعمیر اور خوب صورتی کی وجہ سے آج بھی سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہے۔

سوال نمبر 21: پیراگراف کے مطابق کوٹ ڈیجی قلعہ واقع ہے:

(a) خیر پور میں (b) علی پور میں (c) لائل پور میں (d) اکبر پور میں

سوال نمبر 22: پیراگراف کے مطابق کوٹ ڈیجی قلعہ تعمیر کروایا:

(a) سہراب خان تال پور نے (b) احمد دین نے (c) دریا خان نے (d) اکرم خان نے

سوال نمبر 23: سیاحوں کا کام ہوتا ہے:

(a) سیر و تفریح کرنا (b) تعمیرات کرنا (c) دیکھ بھال کرنا (d) جانچ پڑتال کرنا

سوال نمبر 24: پیراگراف کے مطابق "برس" کا معنی ہے:

(a) دن (b) مہینہ (c) ہفتہ (d) سال

سوال نمبر 25: پیراگراف کا مناسب عنوان ہو گا:

(a) قلعہ روہتاس (b) شاہی قلعہ (c) قلعہ کوٹ ڈیجی (d) قلعہ دراوڑ

---

## حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر 26: درج ذیل اشعار کو نثر میں تبدیل کریں۔ (کل نمبر 10)

جو چیز خدا نے ہے بنائی // اس میں ظاہر ہے خوش نمائی
ہر چیز کی ہے ادا نرالی // حکمت سے نہیں ہے کوئی خالی
تاروں بھری رات کیا بنائی // دن کو بخشی عجب صفائی
جاڑا، گرمی، بہار، برسات // ہر رت میں نیا سماں نئی بات

سوال نمبر 27: کمپیوٹر کے استعمال پر دس جملوں پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 28: کمرہ جماعت میں روشنی کے مناسب انتظام کے لیے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس کے نام درخواست تحریر کریں۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 29: درج ذیل نثر پارہ کو غور سے سنیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ نثر پارہ روبرکس میں موجود ہے۔ (کل نمبر 10)

سوال نمبر 30: درج ذیل عبارت کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھیں۔ عبارت روبرکس میں موجود ہے۔ (کل نمبر 10)